**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر1: 15

1- بناوٹ کے اعتبار سے اسم کی اقسام کی تعداد ہے: (A) 4 (B) 2 (C) 3 (D) 6

2- "مسدس مدوجزرِ اسلام" کی تصنیف ہے۔ "مسدس" کے درست اعراب ہیں:
(A) مَسَدِّس (B) مُسَدَّس (C) مُسَدِّس (D) مَسَدَّس

3- رنگنا سے "رنگائی" قواعد کی رُو سے ہے: (A) اسمِ تصغیر (B) اسمِ حالیہ (C) اسمِ معاوضہ (D) حاصلِ مصدر

4- متحدہ برصغیر میں ہندوؤں کی نمائندہ جماعت آل انڈیا نیشنل کانگریس کب قائم ہوئی؟
(A) 1857ء میں (B) 1885ء میں (C) 1905ء میں (D) 1906ء میں

5- شاعر علامہ اقبالؒ نے "لذت افزائے شورِ طفلی" میں کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟
(A) ہلالِ استقلال (B) ہلالِ احمر (C) ہلالِ مخشب (D) ہلالِ عید

6- لڑکی نے قلی کو ہلکے پھلکے اسباب کی کتنی اُٹھوائی ادا کی؟ (A) اِکنی (B) دونی (C) چونی (D) اٹھنی

7- مولوی عبدالحق نے انسان کی فطری کمزوری کی بنا پر اسے کہا ہے: (A) کاہل اور نکما (B) نکما اور کام چور
(C) کاہل اور کام چور (D) دلیر مگر سست

8- حکومتِ پاکستان نے علامہ اقبالؒ کے دیرینہ ملازم علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی؟
(A) آدھا مربع (B) ایک مربع (C) دو مربعے (D) تین مربعے

9- احمد ندیم قاسمی نے حکیم محمد سعید کے قتل کو قرار دیا: (A) سندھ کے گورنر کا قتل (B) ایک طبی محقق کا قتل
(C) پاکستان کی شہرت کا قتل (D) ایک حکیم حاذق کا قتل

10- اللہ تعالیٰ اُس قوم کی حالت نہیں بدلتا، جسے خیال نہ ہو: (A) خود اپنی حالت بدلنے کا (B) علم حاصل کرنے کا
(C) زرِ مبادلہ کے ذخائر بڑھانے کا (D) ڈیم تعمیر کرنے کا

11- نظم "میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت" کس شاعر کی تخلیق ہے؟ (A) میر انیس (B) میر خلیق (C) مرزا دبیر (D) میر حسن

12- شاعر نے اونٹ کی شادی کو گل کھلانا قرار دیا ہے۔ "گل کھلانا" کا مطلب ہے:
(A) پھول کھلنا (B) عجیب و غریب کام کرنا (C) نئی بات کہنا (D) انکشاف کرنا

13- شاعرہ ادا جعفری کو کس بات پر فخر حاصل ہے؟ (A) محبوب کے ہم قدم ہونے پر (B) محبوب کے نظرِ التفات
(C) آسمان کے مہربان ہونے پر (D) اچھی شاعری تخلیق کرنے پر

14- لفظ "انکسار" کے درست اعراب ہیں: (A) اَنکِسَار (B) اَنکَسَارُ (C) اِنکِسَار (D) اِنکَسَار

15- "نیک ترین" قواعد کے مطابق ہے: (A) اسمِ صفت (B) صفتِ نفسی (C) صفتِ بعض (D) صفتِ کل

eduvision.edu.pk

# سرگودھا بورڈ 2019ء (پہلا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ________ رول نمبر (لفظوں میں) ________ دستخط نائب ناظم امتحان: ________

وقت: 2:10 گھنٹے — **انشائی طرز (حصہ اول)** — کل نمبر: 60

**سوال نمبر2: درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے):** 10

**﴿حصہ نظم﴾**

(i) غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دل کو — سکوں ہو گیا ہے، قرار آ گیا ہے

(ii) نیا یہ آج کے پرچے نے گل کھلایا ہے — کہ سہرا باندھ کے اک اونٹ بلبلایا ہے

(iii) من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سر بکھرائے — سننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دھن لہرائے

(iv) لہر کھاتا ہے رگِ خاشاک میں جس کا لہو — جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو

**﴿حصہ غزل﴾**

(v) ہم اُسے منھ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراق — دوست تیرا ہے، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

(vi) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(vii) مل کر بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:** 5 ، 5

(ا) جو باتیں اس سے پہلے خواب میں دیکھی تھیں، ان کی تصویر و تکمیل علی گڑھ میں دیکھی اور پائی۔ اسلاف کی عظمت ، خاندان کے بزرگوں کی شفقت اور سہارا اور ساتھیوں کی شرافت، سخاوت اور آرزومندی سے آشنا اور بہرہ مند ہوا۔ ان کے ساتھ رہنے اور رنج وراحت میں شریک ہونے میں اپنی بڑائی دیکھی۔ پھر جو کچھ ہوا، وہ میں اور آپ اپنی اپنی زندگی میں دیکھ کر اپنے کو مبارک باد دیں اور فخر محسوس کریں تو کیا حرج!

(ب) یہ سوچ کر اُس کا دل بیٹھنے لگا۔ اور وہ خاموشی سے نیم تاریکی میں کالی کلوٹی سڑک کی طرف دیکھنے لگی۔ جس پر اکا دکا چرخ چوں کرتے ہوئے یکے کی میلی چمنیوں والی بتیوں سے ایک کثیف سی روشنی نکل کر سڑک پر رینگ رہی تھی۔ اُس کا خیال فوراً ہی اپنی موجودہ حالت کی طرف دوڑ گیا۔ میں کیا ہوں اس وقت؟ دیکھنے والوں کی نظر میں یقیناً کوئی امیر کبیر آزاد خیال لڑکی لیکن درحقیقت ایک مٹے ہوئے خاندان کی قابل ......... لیکن پریشان حال لڑکی۔

**سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 10

(i) مرزا محمد سعید کے دو ناولوں کے نام تحریر کیجیے؟

(ii) عید الفطر کا ہماری دینی و تہذیبی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(iii) علی بخش کو ایک مربع زمین کیوں اور کہاں الاٹ کی گئی؟

(iv) محمد حسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

(v) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کا سن پیدائش اور سن وفات تحریر کیجیے۔

(vi) فاطمہ بنت عبداللہ کو "راکھ میں دبی ہوئی چنگاری" کیوں کہا گیا ہے؟

(vii) انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟

(viii) شاعر منزلِ مقصود پر پہنچنے کے لیے پُر امید ہے۔ کیوں؟

**سوال نمبر5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) استنبول 5

**سوال نمبر6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) وقت کی پابندی (ii) شہیدِ ملت لیاقت علی خاں (iii) شہری اور دیہی زندگی 15

**سوال نمبر7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** 10

علامہ اقبالؒ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ انھوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حسنِ اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی ہے اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انھوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں حیدر آباد، دکن، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے الگ خطہ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیرِ نو کا ولولہ تازہ عطا کیا۔

سوالات:

(i) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کریں۔

(ii) اقبال نے شعر کے ذریعے ہمیں کیا تلقین کی؟

(iii) اقبال نے اسلامی افکار کی اشاعت کے لیے کن علاقوں کا دورہ کیا؟

(iv) اقبال نے کون کون سی کانفرنسوں میں شرکت کی؟

(v) علامہ اقبال کس اسمبلی کے ممبر رہے اور کتنے عرصہ تک؟

eduvision.edu.pk

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

---

سوال نمبر 1: 15

1- ''دولت'' گرامر کی رو سے ہے: (A) اسم مصدر (B) اسم صوت (C) اسم جامد (D) اسم ظرف

2- حفیظ جالندھری ______ ء میں لاہور میں فوت ہوئے: (A) 1984ء (B) 1986ء (C) 1982ء (D) 1980ء

3- قدرت اللہ شہاب ______ ء میں فوت ہوئے: (A) 1982ء (B) 1986ء (C) 1980ء (D) 1984ء

4- ''نعت'' کس شاعر کا ہدیہ عقیدت ہے؟ (A) حفیظ جالندھری (B) حفیظ تائب (C) احسان دانش (D) ماہر القادری

5- ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟
(A) ایک (B) دو (C) چار (D) آٹھ

6- سبق ''پرستان کی شہزادی'' کس مصنف کی تحریر ہے؟ (A) شاہد احمد دہلوی (B) ہاجرہ مسرور (C) اشرف صبوحی (D) سجاد حیدر یلدرم

7- یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ ''ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے''
(A) اقبال (B) حفیظ جالندھری (C) عبدالمجید سالک (D) حالی

8- زمین پر خلقِ خدا کس چیز کو ترس رہی تھی؟ (A) پانی کو (B) آبِ خنک کو (C) ٹھنڈی ہوا کو (D) بادل کے سائے کو

9- نظم ''فاطمہ بنتِ عبداللہ'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟ (A) علامہ محمد اقبال (B) حفیظ جالندھری (C) ظفر علی خاں (D) احسان دانش

10- کون سا راستہ ہے جہاں بادِ صرصر یا ہوگئی ہے؟ (A) راہِ محبت (B) دیارِ وفا (C) رہِ دیارِ غیر (D) راہِ وفا

11- قلم اور ______ دونوں پڑوسی تھے: (A) کاغذ (B) بندوق (C) پینسل (D) پین

12- ''حساب'' کا درست تلفظ ہے: (A) حِسَابْ (B) حِسابْ (C) حَسَابْ (D) حِسَاب

13- ''اسلام'' کا درست تلفظ ہے: (A) اَسْلَامْ (B) اِسْلَامْ (C) اِسَلَامْ (D) اَسْلَامَ

14- ''سال'' قواعد کی رو سے ہے: (A) اسم صوت (B) ظرف زماں (C) اسم ظرف (D) اسم آلہ

15- اسم کی بناوٹ کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں؟ (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

eduvision.edu.pk

# سرگودھا بورڈ 2018ء (دوسرا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ____________ رول نمبر (لفظوں میں) ____________ دستخط نائب ناظم امتحان: ____________

وقت: 2:10 گھنٹے **انشائی طرز (حصہ اول)** کل نمبر: 60

**سوال نمبر 2: درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے):** 10

﴿حصہ نظم﴾

(i) اصول محبت ہے، پیغام جس کا — وہ محبوبؐ پروردگار آ گیا ہے

(ii) گرمی کا روز جنگ کی، کیوں کر کروں بیاں — ڈر ہے کہ مثل شمع نہ جلنے لگے زباں

(iii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر — دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبض خاک پر

(iv) سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

﴿حصہ غزل﴾

(v) بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vi) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(vii) ترے رُتبہ دان محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر 3: درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:** 5، 5

(الف) میں جلدی سے اٹھ کر اپنے کمرے میں آیا اور اس وقت ذرا غور سے اس میز کے سامان کو دیکھا جو میرے لکھنے پڑھنے کے لیے تیار کی گئی تھی۔ میز پر نہایت قیمتی کام دار کپڑا پڑا ہوا تھا جس پر ایک قطرہ گرانا گناہِ کبیرہ سے کم نہ ہوگا۔ چاندی کی دوات، مگر سیاہی دیکھتا ہوں تو سوکھی ہوئی۔ انگریزی قلم نہایت قیمتی اور نایاب، مگر اکثر میں نِب ندارد، جاذب کاغذ ایک مخملی جلد کی کتاب میں، پر لکھنے کے کاغذ کا پتا نہیں۔

(ب) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا اور منکسر المزاج تھا اُس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی۔ اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا۔ اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔

**(ب) سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 10

(i) ''توپ کاپی'' میوزیم کا تعارف اپنے الفاظ میں کرائیے۔

(ii) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟

(iii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

(iv) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے۔

(v) کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(vi) آنکھ کی شبنم افشانی سے کیا مراد ہے؟

(vii) خاکہ نگاری سے کیا مراد ہے؟

(viii) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

**سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** (i) پرستان کی شہزادی (ii) استنبول 5

**سوال نمبر 6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) وقت کی پابندی (ii) علامہ اقبال (iii) شہری زندگی کے مسائل 15

**سوال نمبر 7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبارت کا مناسب عنوان لکھیے۔

eduvision.edu.pk